
اس سے حاصل ہوتا ہے $PD = \frac{8}{\sqrt{3}-1} = \frac{8\left(\sqrt{3}+1\right)}{\left(\sqrt{3}+1\right)\left(\sqrt{3}-1\right)} = 4\left(\sqrt{3}+1\right)m.$

اس لئے کثیر منزلہ عمارت کی اونچائی $\left\{4\left(\sqrt{3}+1\right)+8\right\}m = 4\left(3+\sqrt{3}\right)m$

اور دونوں عمارتوں کے درمیان فاصلہ $4\left(3+\sqrt{3}\right)m.$

**مثال 7:** دریا کے اوپر سے پل پر ایک نقطہ سے دریا کے دو کناروں کا زاویہ جھکاؤ بالترتیب °30 اور °45 ہے۔ اگر پل کی کناروں سے اونچائی 3 میٹر ہے تو دریا کی چوڑائی معلوم کیجیے۔



شکل 9.10

**حل:** شکل 9.10 میں A اور B دریا کے مقابل کناروں پر موجود نقطوں کو ظاہر کرتے ہیں اس لئے AB دریا کی چوڑائی ہے۔ P پل کے اوپر 3 میٹر کی اونچائی پر ایک نقطہ ہے یعنی 3 میٹر = DP ہماری دلچسپی دریا کی چوڑائی معلوم کرنے میں ہے جو کہ مثلث APB کے ضلع AB کی لمبائی ہے۔

اب $AB = AD + DB$

قائم مثلث APD میں $\angle A = 30°$

اس لئے $\tan 30° = \frac{PD}{AD}$

یعنی $\frac{3}{AD} = \frac{1}{\sqrt{3}}$ یا $AD = 3\sqrt{3}$ میٹر

مزید قائم مثلث PBD میں $\angle B = 45°$، اس لئے 3 میٹر = $BD = PD$۔

اب $AB = BD + AD = 3 + 3\sqrt{3} = 3(1+\sqrt{3})$ میٹر

اس لئے دریا کی چوڑائی ہے $3(\sqrt{3}+1)$ میٹر

